سنن ابنِ ماجہ شریف
مترجم

جلد اوّل

تالیف

حافظ أبی عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ القزوینی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

مولانا محمد قاسم امین مدظلہ العالی

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸-اردو بازار ۵ لاہور ۵ پاکستان

7231788-7211788

نام کتاب: ـــــــــ سُنن ابنِ ماجہ شریف مترجم

تالیف: ـــــــــ حافظ ابی عبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ القزوینی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: ـــــــــ مولانا محمد قاسم امین مدظلہ العالی

طابع: ـــــــــ خالد مقبول

مطبع: ـــــــــ افضل شریف پرنٹرز

ملنے کے پتے

- مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ ☎ 7224228
- مکتبہ علوم اسلامیہ اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور ☎ 7221395
- مکتبہ جویریہ ۱۸-اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان ☎ 7211788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت' طباعت' تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو از راہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

نے فرمایا: میں نے موافقت کی اپنے ربّ کے ساتھ تین چیزوں میں۔ ایک یہ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ مقام ابراہیم کو اپنی جائے نماز بنالیں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ اور میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے سامنے ہر نیک و بد انسان آتا ہے۔ بہتر ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو پردہ کرائیں' اس پر آیت حجاب نازل ہوگئی اور جب ازواج مطہراتؓ میں باہمی غیرت و رشک بڑھنے لگا تو میں نے اُن سے کہا کہ اگر رسول اللہؐ نے تمہیں طلاق دے دی تو بعید نہیں کہ اللہ جل شانہٗ آپ (ﷺ) کو تم سے بہتر ازواج عطا فرما دیں۔ چنانچہ ٹھیک ان ہی الفاظ کے ساتھ قرآن نازل ہوگیا۔ سچ فرمایا الصادق والمصدق الامین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ نے حق کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان پر رکھ دیا ہے کہ وہ ہمیشہ حق ہی کہا کرتے ہیں۔

فَضْلُ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ

۱۰۹ : حَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْوَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِیُّ ثَنَا اَبِیْ عُثْمَانُ ابْنُ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لِکُلِّ نَبِیٍّ رَفِیْقٌ فِی الْجَنَّةِ وَ رَفِیْقِیْ فِیْهَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ (فی الزوائد اسناده ضعیف فیه عثمان بن خالد و هو ضعیف باتفاقهم)

۱۱۰ : حَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْوَانَ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُثْمَانِیُّ ثَنَا اَبِیْ عُثْمَانُ بْنُ خَالِدٍ' عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی الزِّنَادِ' عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ عَنِ الْاَعْرَجِ' عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ لَقِیَ عُثْمَانَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ یَا عُثْمَانُ هٰذَا جِبْرِیْلُ اَخْبَرَنِیْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ زَوَّجَکَ اُمَّ کُلْثُوْمٍ بِمِثْلِ صَدَاقِ رُقَیَّةَ عَلٰی مِثْلِ صُحْبَتِهَا ." (ضعیف)

۱۱۱ : حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ' عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ کَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ ذَکَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَرَّبَهَا فَمَرَّ رَجُلٌ مُقَنَّعٌ رَاْسُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا ' یَوْمَئِذٍ عَلَی الْهُدٰی فَوَثَبْتُ فَاَخَذْتُ بِضَبْعَیْ عُثْمَانَ ثُمَّ اسْتَقْبَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ

سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے فضائل

۱۰۹ : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں ہر نبی کا ایک ساتھی ہوگا اور میرے ساتھی جنت میں حضرت عثمان بن عفان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہوں گے۔

۱۱۰ : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عثمان سے مسجد کے دروازے کے پاس ملے اور فرمایا: اے عثمان! یہ جبرئیل ہیں انہوں نے مجھے خبر دی ہے کہ اللہ نے آپ کا نکاح ام کلثوم سے حضرت رقیہ کے مہر کی مثل اور انہی جیسی مصاحبت پر کر دیا ہے۔

۱۱۱ : حضرت کعب بن عجرہ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ایک فتنہ کا ذکر کیا قریبی زمانے میں۔ اُسی وقت ایک آدمی اپنے سر کو ڈھانپے ہوئے گزرا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ شخص اُس دن ہدایت پر ہوگا۔ میں نے چھلانگ لگائی اور حضرت عثمان کو پکڑ لیا۔ پھر میں جناب رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یہ

هٰذا قالَ هٰذا "

والے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! یہ۔

۱۱۲ : حَدَّثَنا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ ثَنا الْفَرَجُ بْنُ فُضَالَةَ عَنْ رَبِیْعَةَ بْنِ یَزِیْدَ الدِّمَشْقِیُّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ" یَا عُثْمَانُ اِنْ وَلَّاکَ اللهُ هٰذَا الْاَمْرَ یَوْمًا فَاَرَادَکَ الْمُنَافِقُوْنَ اَنْ تَخْلَعَ قَمِیْصَکَ الَّذِیْ قَمَّصَکَ اللهُ فَلَا تَخْلَعْهُ یَقُوْلُ ذٰلِکَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ النُّعْمَانُ فَقُلْتُ لِعَائِشَةَ مَا مَنَعَکِ اَنْ تُعْلِمِي النَّاسَ بِهٰذَا قَالَتْ اُنْسِیْتُهُ .

۱۱۲ : حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! اگر اللہ تمہیں اس امر (خلافت) کا والی بنائیں تو منافقین چاہیں گے کہ تم قمیص (خلافت) اتار دو۔ جو اللہ نے تجھے پہنائی ہوگی تم اس کو نہ اتارنا آپ نے اس کو تین مرتبہ فرمایا۔ نعمان بن بشیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے عرض کی کہ آپ کو کس چیز نے یہ بات لوگوں کو بتانے سے روک دیا انہوں نے فرمایا کہ مجھے یہ بات بھلا دی گئی۔

۱۱۳ : حَدَّثَنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُمَیْرٍ ' وَ عَلِیُّ ابْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا ثَنا وَکِیْعٌ ثَنا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهَا ' قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مَرَضِهٖ وَدِدْتُ اَنَّ عِنْدِیْ بَعْضَ اَصْحَابِیْ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللهِ! اَلَا نَدْعُوْلَکَ اَبَا بَکْرٍ فَسَکَتَ قُلْنَا اَلَا نَدْعُوْلَکَ عُمَرَ فَسَکَتَ قُلْنَا اَلَا نَدْعُوْ لَکَ عُثْمَانَ قَالَ نَعَمْ فَجَاءَ فَخَلَا بِهٖ فَجَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُکَلِّمُهُ وَوَجْهُ عُثْمَانَ یَتَغَیَّرُ قَالَ قَیْسٌ فَحَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَهْلَةَ مَوْلٰی عُثْمَانَ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَالَ یَوْمَ الدَّارِ اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَیَّ عَهْدًا فَاَنَا صَائِرٌ اِلَیْهِ.

وَ قَالَ عَلِیٌّ فِیْ حَدِیْثِهٖ وَ اَنَا صَابِرٌ عَلَیْهِ ' قَالَ قَیْسٌ فَکَانُوْا یُرَوْنَهُ ذٰلِکَ الْیَوْمَ (فی الزوائد اسناده صحیح بحاله ثقات)

۱۱۳ : عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے اپنے مرض الموت میں فرمایا: میرا جی چاہتا ہے کہ میرا کوئی ساتھی میرے پاس ہو۔ ہم نے عرض کی یا رسول اللہ! کیا ہم آپؐ کیلئے ابوبکرؓ کو بلا لیں؟ آپؐ خاموش ہو گئے۔ ہم نے کہا: کیا ہم عمر کو بلا لیں؟ آپ خاموش ہو گئے۔ ہم نے کہا: کیا ہم آپؐ کیلئے عثمان کو بلا لیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔ عثمان تشریف لائے۔ آپ (ان کو دیکھ کر) کھِل اُٹھے۔ آپؐ نے ان سے باتیں کرنی شروع کیں اس دوران عثمانؓ کا چہرہ متغیر ہوتا رہا۔ قیس فرماتے ہیں کہ مجھ سے عثمان بن عفان کے غلام ابوسہلۃ نے بیان کیا کہ عثمان نے اپنی شہادت کے روز فرمایا کہ رسول اللہؐ نے مجھ سے عہد لیا تھا کہ میں اس کو پورا کرونگا۔ حضرت علیؓ اپنی روایت میں فرماتے ہیں کہ میں اس پر صبر کروں گا۔ قیس فرماتے ہیں کہ لوگ ان کو اس دن ایسا دیکھ رہے تھے۔

فضیلت عثمان غنیؓ ☆ (حدیث: ۱۰۹) ویسے تو جمیع صحابہ حضورؐ کے رفیق ہیں اس تخصیص سے انکی رفعت وعلومنزلت مراد ہے۔ (حدیث: ۱۱۰) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دونوں بنات طاہراتؓ پہلے ابولہب کے بیٹوں عتبہ اور عتیبہ کے نکاح میں تھیں۔ ابولہب کے کہنے پر اُن دونوں (ملعونوں) نے طلاقیں دے دیں تو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب (ﷺ) کو خبر دی کہ آپ (ﷺ) کی بیٹیوں کا نکاح حضرت عثمانِ غنی سے کر دیا۔ اسی وجہ سے حضرت امیر المومنین عثمان رضی

اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب ذوالنورین ہو گیا۔ (حدیث :۱۱۱) اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عثمانؓ کے مخالفین اور بلوہ کرنے والے آپ کو شہید کرنے والے فتنہ پرداز گمراہ تھے اور جو اِس وقت امام مظلوم کا مخالف اور دشمن ہے وہ بھی گمراہ ہے۔ (حدیث :۱۱۲) قمیص سے مراد خلعتِ خلافت ہے۔ حضرت عثمانؓ نے حضورؐ کے ارشاد کی تعمیل کی۔ (حدیث :۱۱۳) یوم الدار: گھر کا دن۔ مراد وہ دن ہے جب حضرت امیر المؤمنین عثمانؓ کے گھر کا منافقوں اور باغیوں نے محاصرہ کیا تھا اور آپؓ اپنے گھر کی چھت پر چڑھ کر اپنی فضیلت بیان فرما رہے تھے اور لوگوں سے حقیقتِ حال بیان کر رہے تھے۔

فَضْلُ عَلِيّ رضی اللہ عنہ بْنِ اَبِی طَالِبٍ

سیّدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے فضائل

۱۱۴: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا وَكِيعٌ وَ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ زِرِّبْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ عَهِدَ اِلَیَّ النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ ﷺ اَنَّهُ لَا يُحِبُّنِیْ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُنِیْ اِلَّا مُنَافِقٌ.

۱۱۴: حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ نبی اُمّی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے عہد لیا تھا کہ مجھ سے مؤمن ہی محبت کرے گا اور منافق مجھ سے بغض رکھے گا۔

۱۱۵: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ سَمِعْتُ اِبْرٰهِيْمَ بْنَ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ اَنَّهُ قَالَ لِعَلِیٍّ اَلَا تَرْضٰی اَنْ تَكُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هٰرُوْنَ مِنْ مُوْسٰی.

۱۱۵: حضرت ابو وقاص سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تم میرے نزدیک ایسے ہی ہو جیسے حضرت ہارون حضرت موسیٰ کے نزدیک۔

۱۱۶: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَخْبَرَنِیْ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ اَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَجَّتِهِ الَّتِیْ حَجَّ فَنَزَلَ بَعْضَ الطَّرِيْقِ فَاَمَرَ الصَّلَاةَ جَامِعَةً فَاَخَذَ بِيَدِ عَلِیٍّ فَقَالَ اَلَسْتُ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ" قَالُوْا بَلٰی قَالَ" اَلَسْتُ اَوْلٰی بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ نَفْسِهٖ" قَالُوْا بَلٰی قَالَ فَهٰذَا وَلِیُّ مَنْ اَنَا مَوْلَاهُ اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ اَللّٰهُمَّ عَادِ مَنْ عَادَاهُ."

۱۱۶: براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ ہم اس حج میں جو رسول اللہؐ نے کیا اُنکے ساتھ آئے۔ آپؐ راستے میں کسی جگہ اُترے نماز کا حکم دیا پھر علیؓ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: کیا میں ایمان والوں کے نزدیک انکی جانوں سے زیادہ محبوب نہیں ہوں؟ لوگوں نے عرض کی کیوں نہیں۔ فرمایا: کیا میں ہر مؤمن کے نزدیک اسکی جان سے زیادہ محبوب نہیں ہوں؟ لوگوں نے عرض کیا کیوں نہیں۔ فرمایا: یہ (علی) ہر اس شخص کے دوست ہیں جو مجھے دوست رکھتا ہے۔ اے اللہ! تو اُسکو دوست رکھ جو علی کو دوست رکھتا ہے۔

۱۱۷: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ثَنَا وَكِيعٌ ثَنَا ابْنُ اَبِیْ لَيْلٰی ثَنَا الْحَكَمُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَيْلٰی قَالَ كَانَ اَبُوْ لَيْلٰی يَسْمُرُ مَعَ عَلِیٍّ فَكَانَ يَلْبَسُ ثِيَابَ الصَّيْفِ

۱۱۷: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ فرماتے ہیں کہ ابو لیلیٰ علیؓ کے ساتھ رات کو گفتگو کر رہے تھے اور علی گرمیوں والے کپڑے سردیوں میں پہنتے تھے اور سردیوں والے گرمیوں میں۔ ہم نے کہا کہ